انذار

حکمت کی باتیں

اقوال کا مجموعہ

ابو یحییٰ

www.Inzaar.pk

نام کتاب	حکمت کی باتیں
ISBN	7-10-9807-969-978
مصنف	ابویحییٰ
ناشر	انذار پبلیشرز 03323051201
ویب سائٹ	www.inzaar.pk
ای میل	abuyahya@inzaar.pk

ملنے کا پتہ	کتاب حاصل کرنے کے لیے رابطہ کیجیے (0092) 03323051201

www.inzaar.org

Visit our websites to read the articles and books of Abu Yahya online for free.

www.inzaar.org

www.inzaar.pk (Urdu Website)

Join us on twitter @AbuYahya_inzaar

Join us on Facebook

Abu Yahya's Page: facebook.com/abuyahya.inzaar

Inzaar Official Page: facebook.com/inzaartheorg

Join us on YouTube youtube.com/inzaar-global

WhatsApp Broadcast list: Please contact +92-334-1211120 from WhatsApp (Daily Msg Service-Broadcast Lists – No Groups)

To get books and Inzaar's monthly magazines at home anywhere in Pakistan, contact 0332-3051201 or 0345-8206011 or

visit www.inzaar.pk/order-books

دیباچہ نظر ثانی شدہ ایڈیشن

حکمت کی باتیں ان اقوال کا مجموعہ ہے جو ہماری انفرادی اور اجتماعی، دنیوی اور اخروی زندگی میں نجات کے ضامن ہیں۔ ایسی مفید باتوں کا ایک دفعہ پڑھنا کافی نہیں ہوتا بلکہ ان کا بار بار دہرایا جانا ضروری ہوتا ہے۔

امید ہے کہ قارئین اس نئے ایڈیشن کا مطالعہ ضرور کریں گے کیونکہ اس میں پچھلے تین برس میں لکھے گئے مزید 136 اقوال کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ان نئے اضافوں کے بعد امید ہے کہ قارئین اس کتاب کو مفید تر پائیں گے۔

ابو یحییٰ

حکمت کی باتیں

حکمت کی باتیں میرے رسالے کے دس برس پورے ہونے پر شائع کی جارہی ہے۔ یہ کتاب ان اقوال کا مجموعہ ہے جو جنوری 2006 سے دسمبر 2015 تک کے دس برسوں میں رسالے کے سرورق پر شائع ہوئے۔ بعض اوقات جو اثر ایک پوری کتاب نہیں کرسکتی وہ دو سطروں میں کہی گئی بات کر دیتی ہے۔ ایسی ہی کوئی بات اگر کسی کی زندگی کو بہتر بنا گئی تو یہ میری خوش بختی ہو گی۔ مجھے امید ہے کہ باذوق قارئین کے لیے یہ کتاب ایک قیمتی تحفہ ثابت ہو گی۔

ابو یحییٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کسی فکر کو قبول کیے بغیر اس پر غور کرنا
آپ کے تعلیم یافتہ ہونے کی نشانی ہے

(ماخوذ)

جو شخص بہانہ بنانے میں بہت اچھا ہو

وہ کسی اور کام میں اچھا نہیں ہو سکتا

(ماخوذ)

بے وقوف آدمی کا اصل المیہ یہ ہے کہ
اس کی کوئی حماقت آخری نہیں ہوتی

(ابو یحییٰ)

شیطان کی کامیابی کے لیے یہی کافی ہے کہ
خیر و شر کی کشمکش میں اچھے لوگ کچھ نہ کریں
(ماخوذ)

پیسہ بدترین آقا ہے

مگر بہترین غلام ہے

(ماخوذ)

میں کبھی چپ رہ کر نہیں پچھتایا

جب پچھتایا بول کر پچھتایا

(ماخوذ)

جنت کا حقیقی مستحق وہ ہے جو
قربانی کے درجے میں اس کا طلبگار بنے
آج کا مسلمان تو
خواہش کے درجے میں بھی اس کا طلبگار نہیں
(ابو یحییٰ)

بہترین انسان وہ ہے جو مسائل حل کرتا ہے

اور بدترین وہ ہے جو مسائل پیدا کر دیتا ہے

(ابو یحییٰ)

خوش ہونا ہے تو تعریف سنیے

اور بہتر ہونا ہے تو تنقید سنیے

(ابو یحییٰ)

اس نے کیا پایا جس نے خدا کو کھو دیا

اس نے کیا کھویا جس نے خدا کو پالیا

(ماخوذ)

جو پڑھ نہیں سکتا اور جو پڑھتا نہیں ہے

دونوں یکساں طور پر جاہل رہتے ہیں

(ماخوذ)

وقت کی بربادی کی سب سے بڑی وجہ

اس کام کا آغاز ہے جسے آپ پورا نہ کریں

(ابو یحییٰ)

آج خدا کے نام پر
ہر چیز کی طرف بلایا جا رہا ہے
سوائے اس چیز کے
جس کی طرف خود رب نے بلایا ہے
(ابو یحییٰ)

جہاز بندرگاہ میں محفوظ ہوتے ہیں مگر

جہاز بندرگاہ کے لیے بنائے نہیں جاتے

(ماخوذ)

اگر آپ مسائل سے نجات
پانا چاہتے ہیں تو انہیں
حل کرنا شروع کر دیں

(ابو یحییٰ)

آپ کا دشمن وہ ہے جس سے آپ کو نقصان پہنچے

قطع نظر اس کے کہ

وہ آپ کے خلاف ہے یا آپ کے ساتھ

(ماخوذ)

خدا نے چیزیں استعمال کرنے

اور لوگ محبت کے لیے بنائے ہیں

مگر انسان چیزوں سے محبت

اور لوگوں کو استعمال کرتے ہیں

(ماخوذ)

مطالعہ کیجیے

یہ انسان کا وہ شرف ہے
جو کسی جانور کو حاصل نہیں

(ابو یحییٰ)

اصولوں کے لیے جنگ کرنا بہت آسان ہے
اصولوں کے مطابق زندگی گزارنا بہت مشکل ہے

(ماخوذ)

اعلیٰ اخلاقی سطح اکثر
دو قسم کے لوگوں میں پیدا ہوتی ہے
وہ لوگ جن کی تربیت بہت اعلیٰ ہو یا
وہ لوگ جن کا مقصدِ حیات بہت اعلیٰ ہو
(ابو یحییٰ)

اہم یہ نہیں کہ رمضان میں

آپ نے کیا اعمال کیے

اہم یہ ہے کہ رمضان کی تربیت نے

آپ کو کیسا بنا دیا

(ابو یحییٰ)

معلومات نہیں حکمت ڈھونڈیے

معلومات ماضی کا علم ہے اور حکمت مستقبل کا

(ماخوذ)

طاقتور کا نقصان نہ کیجیے

وہ آپ کی دنیا کو خطرے میں ڈال دے گا

کمزور کا نقصان نہ کیجیے

وہ آپ کی آخرت کو خطرے میں ڈال دے گا

(ابو یحییٰ)

کسی معمولی نظر آنے والے انسان کی عزت کرنا
آپ کی شرافت کا ثبوت ہے
کسی معمولی نظر آنے والے انسان کو ذلیل کرنا
آپ کے پست ہونے کا ثبوت ہے
(ابو یحییٰ)

جب عام آدمیوں کے قاتل نہ پکڑے جائیں تو
خاص لوگوں کی ہلاکت کا سانحہ پیش آجاتا ہے
اور جب خاص آدمیوں کے قاتل نہ پکڑے جائیں
تو قوم کی ہلاکت کا سانحہ پیش آجاتا ہے

(ابو یحییٰ)

زندگی کے سفر میں آنے والا اندھیرا
غار کا نہیں سرنگ کا ہوتا ہے
جس کے اگلے سرے پر ہمیشہ روشنی ہوتی ہے مگر
یہ بات حوصلے کے ساتھ چلتے رہنے والے ہی جان سکتے ہیں
مایوس ہو کر بیٹھ جانے والے نہیں
(ابو یحییٰ)

کسی فرد کسی قوم کو ہلاک کرنا ہے

تو اس کی امید کو مار ڈالیے

اور اگر اسے تعمیر کرنا ہے تو

اس کی امید کو زندہ رکھیے

(ابو یحییٰ)

وہ آدمی نادان ہے جو ماضی سے نہیں سیکھتا

اور بار بار پرانی غلطیاں دہراتا ہے مگر

وہ آدمی زیادہ نادان ہے جو ماضی سے سیکھتا ہے

اور ہر دفعہ نئی غلطی کرتا ہے

(ابو یحییٰ)

زندگی کی دوڑ میں دوسروں سے
آگے نکلنے کے لیے تیز چلنا ضروری نہیں
بلکہ ہر رکاوٹ کے باوجود چلتے رہنا
اور مسلسل چلتے رہنا ضروری ہے

(ابو یحییٰ)

منفی انسان کو ہر موقع میں ایک مشکل نظر آتی ہے

مثبت انسان ہر مشکل میں ایک موقع دیکھتا ہے

(ابو یحییٰ)

آنے والا کل اس شخص کا ہوتا ہے
جو اس کے لیے تیاری
آج کے دن سے شروع کر دے

(ماخوذ)

زندگی میں پیش آنے والے ناگوار حالات

روزے دار کے ایک سخت دن کی طرح

آخر کار گزر جاتے ہیں

یہی رمضان کا اصل سبق ہے

(ابو یحییٰ)

جن معاملات میں آپ کچھ نہیں کر سکتے
ان کے لیے پریشان ہونا نادانی ہے
اور جن معاملات میں آپ کچھ کر سکتے ہیں
ان کے لیے پریشان ہوتے رہنا
زیادہ بڑی نادانی ہے
(ابو یحییٰ)
www.inzaar.pk

لوگ اس لیے پریشان رہتے ہیں کہ
ان کے مرنے کے بعد اولاد کا کیا ہو گا جبکہ
لوگوں کو پریشان اس لیے ہونا چاہیے کہ
اولاد کے مرنے کے بعد اولاد کا کیا ہو گا
(ماخوذ)

اس دنیا میں سب کچھ کرنے کا وقت
کسی کے پاس نہیں ہوتا لیکن
اہم ترین کام کرنے کا وقت
ہر شخص کو دیا گیا ہے
(ماخوذ)
www.inzaar.pk

جو وقت کو برباد کرتا ہے

وقت اسے برباد کر دیتا ہے

(ماخوذ)

خواب وہ نہیں ہوتے
جو آپ نیند میں دیکھا کرتے ہیں
خواب وہ ہوتے ہیں
جن کے لیے آپ نیند قربان کر دیتے ہیں
(ماخوذ)

جب آپ کو ہر شخص سے شکایت ہونے لگے

تو دیکھ لیجیے کہ خرابی کہیں آپ ہی کے اندر تو نہیں

(ابو یحییٰ)

انسانوں کے آدھے مسائل عقل حل کرتی ہے

باقی آدھے مسائل کا حل مضبوط شخصیت ہے

جو مسائل کے ساتھ جینا سکھا دیتی ہے

(ابو یحییٰ)

بس آپ امید کی شاہراہ کو اختیار کر لیجیے

کامیابی کا ہر راستہ اسی راہ سے نکلتا ہے

(ابو یحییٰ)

آپ اس رائے کے ذمہ دار نہیں جو
لوگ آپ کے بارے میں قائم کرتے ہیں
مگر اس رویے کے ذمہ دار ضرور ہیں
جس کی بنا پر یہ رائے قائم کی جاتی
ہے
(ماخوذ)

خوشی سب کچھ پا لینے کا نام نہیں

یہ پائے ہوئے میں خوش رہنے کا نام ہے

(ابو یحییٰ)

مسلسل ترقی کا ایک ہی راز ہے
اپنی کامیابیوں کو ریت پر لکھیے
اور اپنی ناکامیوں کو پتھروں پر
(ماخوذ)

اللہ سے ڈریئے

پھر اس شخص سے ڈریئے

جو اللہ سے نہیں ڈرتا

(ابو یحییٰ)

دولت کی اصل خرابی یہ ہے کہ
وہ آدمی کے پاس ہمیشہ نہیں رہتی
اور اگر رہ جائے تو
آدمی نہیں رہتا
(ماخوذ)

ہر مشکل سے نکلنے کا ایک راستہ ضرور ہوتا ہے
اسے ڈھونڈیئے اور اگر نہ ملے تو
خود ایک راستہ بنالیجیے
(ابو یحییٰ)

اچھے لوگوں سے ان کی غلطیوں کی بنا پر

قطع تعلق مت کیجیے

اس لیے کہ ان کی غلطیاں بھی

غلطی ہی سے ہوا کرتی ہیں

(ماخوذ)

آپ جو کچھ ہوتے ہیں اس کے
ہونے کا شور اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ
آپ جو کچھ کہتے ہیں وہ لوگوں کو
سنائی نہیں دیتا
(ماخوذ)

کامیاب زندگی یہ نہیں کہ آپ کتنے خوش ہیں
کامیاب زندگی یہ ہے کہ
آپ کا پروردگار آپ سے کتنا خوش ہے
(ابو یحییٰ)

لوگوں کے دکھ بانٹیے
یہ نہیں کر سکتے تو کم از کم
ان میں اضافے کا سبب بھی نہ بنیے
(ابو یحییٰ)

بہترین انسان کون ہے اس کا فیصلہ
بدترین حالات کیا کرتے ہیں
اسی لیے بہترین لوگ
بدترین حالات سے گھبرایا نہیں کرتے
(ابو یحییٰ)

زندگی میں بڑا کام وہی لوگ کرتے ہیں
جو خواب دیکھا کرتے ہیں
مگر جو لوگ خواب ہی دیکھتے رہتے ہیں
وہ زندگی میں کچھ نہیں کر پاتے
(ابو یحییٰ)

کل تک میں دنیا کو بدلنا چاہتا تھا
اور میں بہت ناکام تھا
آج میں خود کو بدل رہا ہوں
اور میں بہت کامیاب ہوں
(ابو یحییٰ)

اس دنیا میں کامیابی کسی اتفاق کا نام نہیں
کامیابی اپنے امکانات کو سمجھنے اور
انہیں استعمال کرنے کا نام ہے

(ابو یحییٰ)

خیر کی روشنی دوسروں تک پہنچانے کے دو ہی ذریعے ہیں

یا تو سورج بن کر چمکیے

یا پھر چاند کی طرح

سورج کی روشنی دوسروں تک منعکس کیجیے

(ماخوذ)

لمبی قطار کی کوفت سے بچنا ہے تو
کریڈٹ لینے والوں کو چھوڑ کر
کام کرنے والوں کی قطار میں آجائیں
یہاں بہت کم لوگ کھڑے ہوتے ہیں
(ماخوذ)

ہمیں زندگی کے مسائل برے لگتے ہیں مگر
بڑی ترقی بڑے مسائل کے بغیر نہیں ملا کرتی

(ابو یحییٰ)

شادی ناکام کسی بھی وجہ سے ہو
کامیاب اکثر عورت کی وجہ سے ہوتی ہے
(ابو یحییٰ)

ایک متعصب شخص عالم بن سکتا ہے مگر
ایک سچے عالم کا متعصب ہونا بہت مشکل ہے

(ابو یحییٰ)

ستاروں کی طرح چمکنا ہے تو

تاریکی سے ڈرنا چھوڑ دیں

(ماخوذ)

جو حق کی مخالفت کرتے ہیں

وہ اندھے شیطان ہوتے ہیں

اور جو اس کا ساتھ نہیں دیتے

وہ گونگے شیطان ہوتے ہیں

(ماخوذ)

باصلاحیت انسانوں کی قدردانی

اجتماعی کامیابی کا اصل راز ہے

(ابویحییٰ)

اچھا انسان اچھا ہی ہوتا ہے

مگر جب انسان برائی کرتا ہے تو

وہ بہتر انسان بننے کا اہل ہو جاتا ہے

(ابو یحییٰ)

نادان شخص غلطی کرتا ہے اور بھول جاتا ہے

عقلمند بھی غلطی کرتا ہے مگر اسے یاد رکھتا ہے

(ابو یحییٰ)

انسان کا اصل المیہ یہ ہے کہ

بڑے بڑے حادثات کا مقابلہ وہ

بڑے حوصلے سے کرتا ہے

مگر چھوٹے چھوٹے مسائل کے ہاتھوں

اپنی صحت اور سکون گنوا دیتا ہے

(ابو یحییٰ)

سخت روزے کے بعد افطار کی نعمت

دنیا کی پابند زندگی کے بعد

جنت کی پر لذت زندگی کا ایسا تعارف ہے

جو صرف روزے دار کو نصیب ہوتا ہے

(ابو یحییٰ)

خوبصورت لوگ ہمیشہ
اعلیٰ اخلاق کے حامل نہیں ہوتے
لیکن اعلیٰ اخلاق کے لوگ ہمیشہ
خوبصورت ہوتے ہیں
(ابو یحییٰ)

مخالف کو جنگ اور دلیل کے میدان میں
شکست دینا بھی کامیابی ہے
مگر اسے اخلاق کے میدان میں شکست دینا
زیادہ بڑی کامیابی ہے
(ابو یحییٰ)

اگر آپ حق پر کھڑے ہیں تو آپ کو
چلا کر بات کرنے کی ضرورت نہیں
اور اگر آپ حق پر نہیں ہیں تو
چلا کر بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں
(ابو یحییٰ)

جس طرح باہر کا اندھیرا انسان سے اس کے دیکھنے کی صلاحیت چھین لیتا ہے اسی طرح دل کے اندر موجود تعصب کا اندھیرا بھی انسان کو حقائق دیکھنے سے روک دیتا ہے

(ابو یحییٰ)

زیادہ ذہین اور کم محنتی افراد کی کامیابی

کا امکان جتنا کم ہوتا ہے

کم ذہین اور زیادہ محنتی افراد کی کامیابی

کا امکان اتنا ہی زیادہ ہوتا ہے

(ابو یحییٰ)

جس طرح دنیا میں تجارت
بداخلاقی کے ساتھ نہیں کی جا سکتی
اسی طرح جنت کی تجارت
بداخلاقی کے ساتھ نہیں کی جا سکتی
(ابو یحییٰ)

جو انسان چیزوں کو ملکیت بنانا

اپنی زندگی بنالیتا ہے

کچھ عرصے میں زندگی خود اسے

چیزوں کی ملکیت بنادیتی ہے

(ابو یحییٰ)

حکمت یہ نہیں ہے کہ کسی بھی قیمت پر
مسئلہ حل کیا جائے
حکمت یہ ہے کہ مسئلہ
کم سے کم قیمت پر حل کیا جائے
(ابو یحییٰ)

لاکھوں روپے کمانے والے سے زیادہ خوش
وہ شخص رہتا ہے جو
نہ ملی ہوئی چیزوں کے بجائے
ملی ہوئی نعمتوں کو یاد رکھتا ہے
(ابو یحییٰ)
www.inzaar.pk

وقت کے زیاں کا ایک اہم ذریعہ
ان لوگوں کے ساتھ بحث ومباحثہ ہے
جن کا علم اور سمجھ بہت کم
اور اعتماد بہت زیادہ ہوتا ہے
(ابو یحییٰ)
www.inzaar.pk

انسان کو ہمیشہ اس کی تقدیر ملتی ہے
مگر اس تقدیر تک انسان کو چل کر جانا پڑتا ہے

(ابو یحییٰ)

پریشانی کی بات یہ نہیں کہ آپ کے اردگرد
ناکامی کا اندھیرا چھا جائے
پریشانی کی بات یہ ہے کہ آپ کے اندر
مایوسی کا اندھیرا چھا جائے
(ابو یحییٰ)

زندگی میں پیش آنے والے ناگوار حالات
روزے دار کے ایک سخت دن کی طرح
آخر کار گزر جاتے ہیں
(ابو یحییٰ)

قانون بگڑے ہوئے افراد کے لیے ہوتا ہے
بگڑی ہوئی قوم کے لیے نہیں
بگڑی ہوئی قوم کی اصلاح
صرف دعوت وتربیت سے ہوتی ہے
(ابو یحییٰ)

انسان کی جہالت اصل مسئلہ نہیں ہوتی

اصل مسئلہ جہالت کے باوجود

اپنی بات پر اعتماد ہوتا ہے

(ابویحییٰ)

جن انسانوں کی انا بہت مضبوط ہوتی ہے

ان کی شخصیت اکثر بہت کمزور رہ جاتی ہے

(ابو یحییٰ)

آپ کا شمار خوش نصیب لوگوں میں ہو گا

اگر آپ آدھے خالی گلاس کو

آدھا بھرا ہوا دیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں

(ابو یحییٰ)

اندھیرے کی سب سے بھیانک قسم
منفی سوچ ہوتی ہے جو
امید کے ہر چراغ کو گل کر دیتی ہے

(ابو یحییٰ)

برائی سے بچنے کا آسان حل
لوگوں کو برائی سے روکنا ہے
کیونکہ اس کے بعد لوگ آپ کو
برائی نہیں کرنے دیں گے
(ابو یحییٰ)

مشکل میں اللہ کو یاد رکھنا مشکل نہیں

اصل مشکل آسانی میں اسے یاد رکھنا ہے

(ابو یحییٰ)

جتنی ذہانت کسی کی بات کا
جواب دینے کے لیے ضروری ہے
اس سے کہیں زیادہ ذہانت
اس کی بات کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے
(ابو یحییٰ)

جن لوگوں کے دلوں میں نفرت ہوتی ہے
وہ نفرت ہی پھیلاتے ہیں
اور جن دلوں میں محبت ہوتی ہے
وہ محبت ہی پھیلاتے ہیں
(ابو یحییٰ)

جسے گرم روزے کی پیاس متقی نہ بنا سکی
اسے کوئی اور چیز کیسے متقی بنا سکتی ہے
جسے ٹھنڈے پانی کا افطار شکر گزار نہ بنا سکا
اسے کوئی اور چیز کیسے شکر گزار بنا سکتی ہے
(ابو یحییٰ)

جب کسی محرومی کا دکھ ستانے لگے

تو اپنی ان نعمتوں کو گنیے

جو اگر چھن گئیں تو

جینا مشکل ہو جائے گا

(ابو یحییٰ)

اندھے پن کی ہر قسم ہی بری ہے

مگر بدترین قسم دل کا اندھا پن ہے اور

یہ اندھا پن تعصب سے پیدا ہوتا ہے

(ابو یحییٰ)

انسان کو دنیا میں اپنی جنت
بنانے کے لیے بھیجا گیا ہے مگر
انسان دنیا ہی کو اپنی جنت
بنانے میں مگن رہتا ہے

(ابو یحییٰ)

جو لوگ ایمان اور اخلاق کی راہ پر چلتے ہیں
جنت خود ہی ان منزل بن جاتی ہے اور
جو لوگ خواہش اور تعصب کی راہ پر چلتے ہیں
جہنم خود بخود ان کی منزل بن جاتی ہے

(ابو یحییٰ)

انتہا پسندی کے جواب میں انتہا پسندی کا رویہ
آپ کے علم و اخلاق کی شکست ہے
انتہا پسندی کے جواب میں توازن پر قائم رہنا
آپ کے علم و اخلاق کی فتح کی علامت ہے
(ابو یحییٰ)

جو لوگ اپنے سینے میں
تعصب کے ناگ پالتے ہیں
وہ سب سے پہلے خود ہی
ان کے زہر کا نشانہ بنتے ہیں
(ابو یحییٰ)

صبر کی عادت کے بغیر حصول جنت کی خواہش

ایک ایسا خواب ہے

جس کی کوئی تعبیر نہیں ہو سکتی

(ابو یحییٰ)

صبر بھی رنگ لاتا ہے اور غصہ بھی مگر
صبر کے رنگوں سے زندگی حسین ہو جاتی ہے
اور غصے کا رنگ محبت کے ہر رنگ کو نگل جاتا ہے
(ابو یحییٰ)

ہدایت بندوق کی گولی نہیں ہوتی
جس سے دوسروں کو نشانہ بنایا جائے
یہ روشنی ہوتی ہے جو دل سے پھوٹتی ہے اور
سب سے پہلے ہمارے اپنے وجود کو منور کرتی ہے
(ابویحییٰ)

ہمارا اصل امتحان اس وقت شروع ہوتا ہے
جب بظاہر ہم امتحان سے نکل چکے ہوتے ہیں
(ابو یحییٰ)

ندامت توبہ کے دروازے کی اصل کنجی ہے

جبکہ سرکشی اور تاویل اس دروازے کے قفل ہیں

(ابویحییٰ)

روزہ جنت کا دروازہ ہے مگر

یہ دروازہ صرف وہی شخص کھول سکتا ہے جو

روزے کی مشقت کو تقویٰ کی کنجی میں بدل سکے

(ابو یحییٰ)

والدین کی خدمت جنت کا دروازہ ہے

خوش نصیب لوگ اس دروازے کو ان کی زندگی میں

اور بدنصیب ان کی موت کے بعد

ڈھونڈنے کی کوشش کرتے ہیں

(ابو یحییٰ)

تعصبات کی دنیا میں اپنی بات منوانا

سب سے بڑی کامیابی ہے

ایمان کی دنیا میں اپنی غلطی کی اصلاح

سب سے بڑی کامیابی ہے

(ابو یحییٰ)

نادان اپنی تقدیر بدلنے کے لیے
باہر کے کسی انقلاب کے منتظر رہتے ہیں
عقلمند اپنی تقدیر بدلنے کے لیے
اپنی شخصیت میں انقلاب لے آتے ہیں
(ابو یحییٰ)

دین کا جمال توازن میں ہے اور

دین کا کمال استقامت میں

(ابو یحییٰ)

جنت سے محروم ہر شخص بدنصیب ہے
مگر سب سے بڑا بدنصیب وہ ہو گا
جو اپنی خواہشات اور تعصبات کو اپنا
ایمان بنانے کی وجہ سے محروم ہو گا
(ابو یحییٰ)
www.inzaar.pk

جو ایمان تحقیق کی وادی سے نہیں گزرتا
وہ اکثر گمراہی کی منزل کو جا نکلتا ہے
جو اعتقاد عمل کی وادی سے نہیں گزرتا
وہ اکثر جہنم کی منزل کو جا نکلتا ہے
(ابو یحییٰ)

اسلام کے دشمن وہ ہیں
جن سے اسلام کی دعوت کو نقصان پہنچے
اس سے فرق نہیں پڑتا کہ
وہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم
(ابو یحییٰ)
www.inzaar.pk

امیر ہو یا غریب، بادشاہ ہو یا فقیر
میں ہوں یا آپ، والدین ہوں یا اولاد
سب کو چھوڑ کر جانا ہے
سب کچھ چھوڑ کر جانا ہے
(ابو یحییٰ)

خواص کی بددیانتی اور کرپشن سے سماج کو
جتنا نقصان ہوتا ہے
عوام کی بددیانتی اور کرپشن سے سماج کو
اس سے کہیں زیادہ نقصان ہوتا ہے
(ابویحییٰ)

جس شخص کی خوبیوں کے اعتراف کا
آپ میں حوصلہ نہیں
اس پر تنقید کا کوئی حق آپ کو نہیں مل سکتا
(ابو یحییٰ)

کسی کو چھوٹا ثابت کر کے

آپ خود بڑے نہیں ہو سکتے

(ابو یحییٰ)

اسلام دین فطرت ہے۔ وہ برائی کو بھی
غیر فطری طریقے پر ختم نہیں کرتا

(ابو یحییٰ)

مذہب کی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ
یہ ہے کہ مذہب کے نام پر کھڑے اکثر لوگ
سب سے بڑھ کر خدا سے بے خوف ہوتے ہیں

(ابو یحییٰ)

خواہش شیطان کا ہتھیار ہے

جس سے وہ انسان کو قابو کرتا ہے

صبر انسان کا ہتھیار ہے

جس سے شیطان قابو میں آجاتا ہے

(ابو یحییٰ)

فرد ہو یا قوم دونوں کے لیے
ترقی کا راستہ ایک ہی اصول پر مبنی ہے
ذمہ داری زحمت نہیں ہوتی
(ابو یحییٰ)

شیطان کو شکست دینے کا طریقہ
غلطی کے اعتراف کی عادت ہے
شیطان سے شکست کھانے کا طریقہ
غلطی کی تاویل کرنے کی عادت ہے

(ابو یحییٰ)

جو صرف زندہ رہنے کے لیے جیتے ہیں
وہ آخرکار مر جاتے ہیں
(ماخوذ)

گناہ کی عارضی لذت کا کیا فائدہ
جس کی سزا کبھی ختم نہ ہو گی
صبر کی عارضی مشقت سے کیا ڈرنا
جس کی جزا کبھی ختم نہ ہو گی

(ابو یحییٰ)

دوسروں کے احتساب کی نفسیات میں جینے والے
یہ بھول جاتے ہیں کہ قیامت کا دن
ان کے احتساب کا دن ہو گا۔
(ابو یحییٰ)

زندگی امتحان ہے اور یہ امتحان
اکثر ان لوگوں کی شکل میں لیا جاتا ہے
جن کے ساتھ ہمارا معاملہ پیش آتا ہے
(ابو یحییٰ)

ہمارے معاملات ہمارے ہاتھ میں نہیں ہوتے
مگر اطمینان رکھیے کہ
جس کے ہاتھ میں ہیں وہ بہت کریم ہے
(ابو یحییٰ)

بچوں کی ہر خواہش پوری کرنے والے والدین
اُن کی دنیا کی خاطر اپنی آخرت کی
تباہی کا خطرہ مول لیتے ہیں
(ابو یحییٰ)

اِس حسین دنیا میں خدا کو بھول کر جینا
سب سے بڑا جرم اور اِس رنگین دنیا میں
اُسے نہ بھولنا سب سے بڑی نیکی ہے
جہنم اِسی جرم کی سزا ہے، جنت اِسی نیکی کی جزا ہے
(ابو یحییٰ)

دعوت کی راہ کی کامیابی تو کامیابی ہے ہی

مگر اس راہ کی ناکامی زیادہ بڑی کامیابی ہے

(ابو یحییٰ)

آپ اپنی ناک کو اونچا کرنے کی
جتنی کوشش کرتے ہیں اپنا قد
اتنا ہی گھٹاتے چلے جاتے ہیں

(ابو یحییٰ)

دعا بہت کم اللہ کی حکمت کی وجہ سے قبول نہیں ہوتی
یہ اکثر ہماری غلط حکمت عملی کی وجہ سے قبول نہیں ہوتی

(ابو یحییٰ)

احتساب غیر کی عینک لگانے والوں کو

اپنے عیوب کبھی نظر نہیں آتے

(ابو یحییٰ)

اس دنیا کی ہر مشکل
آخرت کی آسانی ہے
یہی یقین ہر مشکل کو آسان کر دیتا ہے
(ابو یحییٰ)

مایوسی اور بے صبری شیطان کا ہتھیار ہے

صبر اور امید مومن کا ہتھیار ہے

(ابو یحییٰ)

نیا سال نئی زندگی کی علامت ہوتا ہے
مگر صرف ان کے لیے
جن میں زندگی کی حرارت پائی جاتی ہے
(ابو یحییٰ)

خدا کے امتحان میں ناکام ہونے والے

اکثر لوگ اپنا پرچہ امتحان وہاں دیتے ہیں

جہاں ان کا امتحان نہیں لیا جارہا اور

وہاں نہیں دیتے جہاں امتحان لیا جارہا ہے

(ابو یحییٰ)

دکھی آدمی اللہ سے دور نہیں ہوتا

اللہ سے دور صرف مایوس شخص ہی ہوا کرتا ہے

اس لیے اپنے دکھوں کو کبھی مایوسی میں نہ بدلنے دیں

(ابو یحییٰ)

اطمینان رکھیے کہ مصیبت اور پریشانی سے

آپ کے درجات بلند ہوتے ہیں

اور اس بات پر اطمینان نہیں ہے تو تیار رہیں

آپ کا بلڈ پریشر بلند ہو جائے گا

(ابو یحییٰ)

مردہ لوگوں کے درمیان

پیدا ہو جانے والے زندہ لوگ

مرنے کے بعد ہی زندہ سمجھے جاتے ہیں

(ابو یحییٰ)

روزے کی مشکل عبادت
اس لیے فرض کی گئی ہے کہ لوگ جانیں
کہ عام حالات میں ان کے رب نے انھیں
کتنی آسان زندگی دے رکھی ہے۔
(ابو یحییٰ)

دین میں گہری سمجھ پیدا کرنے سے پہلے

دین کے بارے میں کلام کرنا

ایسا ہی ہے جیسے کوئی نابینا شخص

لوگوں کو راستہ دکھانے کھڑا ہو جائے

(ابو یحییٰ)

جب آپ خامی ڈھونڈنے کا فیصلہ کر لیں
تو آپ ہر کام میں اور ہر شخص میں
خامی نکال سکتے ہیں

(ابو یحییٰ)

توبہ میں جلدی کیجیے
اللہ تعالیٰ آپ کا انتظار کر رہے ہیں
(ابو یحییٰ)

کامیاب زندگی علم کے امتحان
میں کامیابی سے نہیں بلکہ
حلم کے امتحان میں
کامیابی سے ملتی ہے

(ابو یحییٰ)

سوال پوچھنا اور بات سمجھنے کی کوشش کرنا
علم کا راستہ ہے جبکہ
کسی کی بات سمجھے بغیر اعتراض کرنا
تعصب اور جہالت کا راستہ ہے
(ابو یحییٰ)

خود کو بھول کر
دوسروں کے احتساب کی عادت
خدا سے بے خوفی کی علامت ہے
(ابو یحییٰ)

اللہ سے محبت کیجیے

وہ تو آپ سے محبت کرتا ہی ہے

(ابو یحییٰ)

قرآن پڑھتے رہیے
یہ اللہ سے ملاقات کا دوسرا نام ہے
(ابو یحییٰ)

دنیا کی کسی محرومی سے آپ
ہرگز پریشان نہ ہوں
دنیا کی ہر محرومی کا مطلب
آخرت کی عطا و بخشش ہے
(ابو یحییٰ)

دنیا جب تک آپ کے گھر میں ہے
یہ آپ کی غلام رہے گی
دنیا جب آپ کے دل میں آجائے گی
یہ آپ کی آقا بن جائے گی
(ابو یحییٰ)

یہ فانی زندگی آنے والی ابدی زندگی میں
سب کچھ پانے کا واحد موقع ہے،
اسے فانی زندگی میں سب کچھ پانے
کی خواہش میں ضائع نہ کیجیے
(ابو یحییٰ)

اس قوم کی اصلاح کیسے ہو

جس کے ہر فرد کے لیے اصلاح کا مطلب

دوسروں کی اصلاح ہو

(ابو یحییٰ)

قوموں کی تقدیر ان کے
حکمران بدلنے سے نہیں
ان کے اخلاق بدلنے سے بدلتی ہے
(ابو یحییٰ)
www.inzaar.pk

جو تبدیلی آپ اپنے اندر نہیں لا سکتے
دوسروں سے اس کی امید لگانا
خود فریبی کی ایک شکل ہے
(ابو یحییٰ)

زندگی میں بڑی کامیابی وہی لوگ پاتے ہیں
جو چھوٹی کامیابی سے آغاز کرتے ہیں
جو لوگ بڑی کامیابی سے آغاز کرنا چاہتے ہیں
ان کے حصے میں چھوٹی کامیابی بھی نہیں آتی
(ابو یحییٰ)

خواب دیکھیے
خواب دیکھنا زندگی کی علامت ہے
مگر خوابوں ہی جیتے رہنا
موت کی علامت ہے
(ابو یحییٰ)

دنیا کی محرومی اس شخص کے لیے عظیم نعمت ہے
جو اس کے آئینے میں آخرت کی محرومی کا عکس دیکھ کر
خود کو اس ابدی محرومی سے بچانے کا عزم کر لے

(ابو یحییٰ)

اللہ کی رحمت سے کبھی مایوس نہ ہوں

اس کا دینا بلاشبہ اس کی عطا ہے مگر

اس کا بظاہر کچھ لے لینا بھی ایک روز

اس کی عطا بن کر ہی سامنے آئے گا

(ابو یحییٰ)

Financial Assistance

Please join hands with Inzaar in spreading the message of Almighty Allah – faith & morality (ایمان و اخلاق) , personality development (تعمیرِ شخصیت) and the success in life hereafter (فلاحِ آخرت).

You can support us financially by sending your donations.

Bank Account Details

For Local Transaction

Title of Account: Inzaar Educational and Charitable Trust

Address: P.O.BOX.7285 Karachi.

Account Number: 0080248866323

Branch Code: 0080

Bank Name: United Bank Limited

Branch Address: UBL Vault Branch, Abdullah Haroon Road, Saddar, Karachi.

For Foreign Transaction

IBAN: PK32 UNIL 0109 0002 4886 6323

SWIFT CODE: UNILPKKA

Please do send us the details of donation at 0092-345-8206011 or ghazialamgir1@gmail.com after transfer of funds for acknowledgement / issuance of receipts.

ماہنامہ انذار

مدیر: ابویحییٰ

ماہنامہ انذار ایک دعوتی و اصلاحی رسالہ ہے۔ اس کا مقصد لوگوں میں ایمان و اخلاق کی دعوت کو عام کرنا ہے۔ اس دعوت کو دوسروں تک پھیلانے میں ہمارا ساتھ دیجیے۔ یہ رسالہ خود بھی پڑھیے اور دوسروں کو بھی پڑھوائیے۔ اپنے کسی عزیز، دوست، ساتھی یا رشتہ دار کے نام سال بھر رسالہ جاری کروانے کے لیے ان نمبروں پر رابطہ کیجیے۔

0345-8206011 or 0332-3051201

ابو یحییٰ کے ناول

جو آپ کی سوچ، زندگی اور عمل کا محور بدل دیں گے

جب زندگی شروع ہوگی

ایک تحریر جو ہدایت کی عالمی تحریک بن چکی ہے

قسم اس وقت کی

ایک منکرِ خدا لڑکی کی داستان سفر، جو سچ کی تلاش میں نکلی تھی

آخری جنگ

شیطان کے خلاف انسان کا اعلان جنگ

خدا بول رہا ہے

عظمتِ قرآن کا بیان ایک دلچسپ داستان کی شکل میں

”جب زندگی شروع ہوگی“

(مصنف: ابویحییٰ)

- ☆ ایک ایسی کتاب جس نے دنیا بھر میں تہلکہ مچادیا
- ☆ ایک ایسی تحریر جسے لاکھوں لوگوں نے پڑھا
- ☆ ایک ایسی تحریر جس نے بہت سی زندگیاں بدل دیں
- ☆ ایک ایسی تحریر جو اب ایک تحریک بن چکی ہے
- ☆ آنے والی دنیا اور نئی زندگی کا جامع نقشہ ایک دلچسپ ناول کی شکل میں
- ☆ ایک ایسی تحریر جو اللہ اور اس کی ملاقات پر آپ کا یقین تازہ کردے گی
- ☆ علم و ادب کی تاریخ میں اپنی نوعیت کی پہلی تصنیف

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011

”قسم اُس وقت کی“

”جب زندگی شروع ہوگی“ سے شروع ہوئی کہانی کا دوسرا حصہ

(مصنف: ابو یحییٰ)

☆ ایک ایسی کتاب جس نے کفر کی طرف بڑھتے کئی قدموں کو تھام لیا

☆ ایک منکرِ خدا لڑکی کی داستان سفر جو سچ تلاش کرنے نکلی تھی

☆ ایک خدا پرست کی کہانی جس کی زندگی سراپا بندگی تھی

☆ اللہ تعالیٰ کی ہستی اور روز قیامت کا نا قابل تردید ثبوت

☆ رسولوں کی صداقت کا نشان دور رسالت کی زندہ داستان

☆ کفر والحاد کے ہر سوال کا جواب ہر شبہے کا ازالہ

☆ ایک ایسی کتاب جو آپ کے ایمان کو یقین میں بدل دے گی

☆ ابو یحییٰ کی شہرہ آفاق کتاب ”جب زندگی شروع ہوگی“ کا دوسرا حصہ

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011

''آخری جنگ''

''جب زندگی شروع ہوگی'' سے شروع ہوئی کہانی کا تیسرا حصہ

(مصنف: ابو یحییٰ)

☆ جب زندگی شروع ہوگی کی کہانی کا دلچسپ تسلسل

☆ شیطان اور انسان کی ازلی جنگ کا آخری معرکہ

☆ شیطانی طاقتوں کے طریقہ واردات کا دلچسپ بیان

☆ شیطان کے حملوں کو ناکام بنانے کے موثر طریقے

☆ مسلمانوں کے عروج کا وہ راستہ جو قرآن مجید بتاتا ہے

☆ انفرادی اور اجتماعی زندگی میں کامیابی کا حقیقی راستہ

☆ تاریخ کے وہ اسباق جو مسلمان بھول چکے ہیں

☆ یہ سب کچھ عبداللہ اور ناعمہ کی داستان کی شکل میں پڑھیے

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011

”خدا بول رہا ہے“

”جب زندگی شروع ہوگی“ سے شروع ہوئی کہانی کا چوتھا حصہ

(مصنف : ابویحییٰ)

- ☆ ”جب زندگی شروع ہوگی“ کی کہانی کا ایک نیا پہلو
- ☆ جنت میں عبداللہ کی اپنے والدین سے ملاقات کی روداد
- ☆ عظمتِ قرآن کا بیان، ایک منفرد ناول کی شکل میں
- ☆ ایک باوفا شخص کے اوراق حیات جس کی دنیا لٹ گئی تھی
- ☆ ایک نوعمر لڑکی کی داستان جو دنیا کو اپنی جنت بنانا چاہتی تھی
- ☆ قرآن کی تاثیر کا بیان جس نے ان دونوں کی زندگیاں بدل کر رکھ دیں
- ☆ قرآن کی دعوت کو سمجھنے اور سمجھانے کا انوکھا انداز
- ☆ وہ کہانی جس کا اختتام جانتے ہوئے بھی آپ اسے ختم کیے بنا نہیں رہ سکتے
- ☆ ایک اچھوتے اور منفرد انداز میں قرآن مجید کا تعارف

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011

”قرآن کا مطلوب انسان“

(مصنف: ابو یحییٰ)

☆ قرآن مجید پر مبنی اپنی نوعیت کا ایک منفرد کام

☆ اللہ تعالیٰ ہمیں کیسا دیکھنا چاہتے ہیں

☆ وہ کن لوگوں کو جنت عطا کریں گے

☆ کون سے اعمال انہیں ناراض کر دیتے ہیں

☆ ان کی پسند اور ناپسند کا راستہ کیا ہے

☆ اللہ تعالیٰ کی مرضی ان کے اپنے الفاظ میں جاننے کا منفرد ذریعہ

☆ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مزین اخلاق نبوی کا قرآنی نمونہ

☆ ابو یحییٰ کی ایک منفرد تصنیف

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011

”تیسری روشنی“

(مصنف: ابویحییٰ)

- ☆ ابویحییٰ کی داستان حیات۔ تلاش حق کی سچی کہانی
- ☆ نفرت اور تعصب کے اندھیروں کے خلاف روشنی کا جہاد
- ☆ جب زندگی شروع ہوگی کے حوالے سے اٹھائے گئے اہم سوالات کا جواب
- ☆ مسلمانوں میں تفرقہ پیدا کرنے والے رویوں کا تفصیلی بیان
- ☆ امت مسلمہ کے اتحاد کا جذبہ رکھنے والوں کے لیے ایک رہنما تصنیف
- ☆ ابویحییٰ کی ایک اور منفرد تصنیف

"بس یہی دل"

(مصنف: ابویحییٰ)

☆ دل کو چھو لینے والے مضامین

☆ ذہن کو روشن کر دینے والی تحریریں

☆ آنکھوں کو نم کر دینے والے الفاظ

☆ ابویحییٰ کے قلم سے نکلے ہوئے وہ مضامین جو ایمان و اخلاق کی اسلامی دعوت کا بھرپور اور موثر بیان ہیں۔

☆ دلنشین اسلوب میں لکھی گئی ایسی تحریریں جنھیں پڑھ کر آپ دل کے دروازے پر ایمان کی دستک سن سکیں گے۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011

”حدیثِ دل“

(مصنف: ابو یحییٰ)

مجموعہ مضامین جس میں آپ پائیں گے اپنی

☆ شخصیت کی تعمیر

☆ اخلاق کی اصلاح

☆ ایمان کی تازگی

☆ اقدار کی زندگی اور

☆ افکار کی تشکیل نو

☆ ہمیشہ کی طرح ابو یحییٰ کے الفاظ کی دستک آپ اپنے دل کے دروازے پر محسوس کریں گے۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011

”کھول آنکھ زمیں دیکھ“

(مصنف: ابو یحییٰ)

☆ مغرب اور مشرق کے سات اہم ممالک کا سفرنامہ

☆ کینیڈا، امریکہ کی زندگی کا تفصیلی جائزہ

☆ مکہ، مدینہ کی مقدس سرزمین اور سعودی عرب کا احوال

☆ سری لنکا، تھائی لینڈ، ملائیشا اور سنگاپور کی زندگی کا نقشہ

☆ مغرب اور مشرق کے ممالک کا تقابل اور اسلام کی علمی برتری کا بیان

☆ مغربی تہذیب کی کمزوریوں نظام کی خوبیوں کا بے لاگ جائزہ

☆ سات ممالک کے اہم قابل دید مقامات کی دلچسپ منظر کشی

☆ سفرنامے کے اسلوب میں لکھی گئی ایک اہم فکری کتاب

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011

”ملاقات“

(مصنف: ابویحییٰ)

- ☆ اہم علمی، اصلاحی اور اجتماعی معاملات پر ابویحییٰ کی ایک نئی فکر انگیز کتاب
- ☆ کریم اور رحیم کا خطاب پانے والے انبیا کی دلنواز سیرت کا بیان
- ☆ دین کی حقانیت اور دعوت دین کے اہم پہلوؤں کی وضاحت
- ☆ قیامت اور قرب قیامت کے اہم احوال کی تفصیل
- ☆ اہم معاشرتی اور خاندانی مسائل کے حل کے لیے رہنما تحریریں
- ☆ لونڈیوں سے تعلقات کے ضمن میں اسلام کے موقف کی وضاحت
- ☆ مسائل زندگی کے حل کے لیے رہنما تحریریں
- ☆ ہم جنسی تعلقات اور ارتقا جیسی عملی اور فکری گمراہیوں کی موثر تردید

مزید معلومات کے لیے رابطہ:

0332-3051201, 0345-8206011